ہمارا اب بھی یہ مطالبہ ہے کہ ان پولنگ کی دوبارہ گنتی کرائی جائے۔ جناب والا! ایک اور لطیفہ بھی ہے۔ 4 فروری 1997ء کو دو بجے سے پانچ بجے تک پاکستان کے مرکزی لیڈروں نے بھی حافظ صاحب کے جیتنے کا اعلان کر دیا اور اسی طرح وہاں مقامی پشتو میں بھی اعلان ہوا' بلوچی میں بھی اعلان ہوا یعنی پانچ بجے تک مسلسل حافظ صاحب کی کامیابی کے اعلان ہوتے رہے اور ووٹوں کی گنتی اور تعداد بھی بتا دی کہ اتنے ووٹ لئے ہیں پھر یکدم حافظ صاحب 17 ہزار ووٹ پر آ گئے اور جو دوسرا تھا وہ 25000 ہزار تک پہنچ گیا ' یہ عجیب معاملہ ہے۔ اگر وہ کہیں کہ غلطی ہوئی ہے تو پھر ایک اعلان کی تو غلطی ہم تسلیم کر لیں گے یہ دو بجے سے پانچ بجے تک مسلسل مختلف زبانوں میں اعلانات ہوتے رہے اور یکدم معاملہ الٹ گیا۔ بھئی سیاستدان میرا مشورہ مانتے نہیں' میں نے پہلے بھی اس فلور پر کہا کہ بھئی آپ جائیں اس کے ہاتھ پر بیت کر کے سر تسلیم خم کریں اور ان کی حکمرانی آپ بالکل تسلیم کریں ' خواہ مخواہ آپس میں لڑتے ہیں لیکن الیکشن پہلے سے ہوتے ہیں۔ جی ایچ کیو مرکز میں پورے ملک کے انتخابات کا نقشہ تیار ہو جاتا ہے اور خواہ مخواہ نگرانوں بیچاروں کو بھی استعمال کرتے ہیں ۔ لوگوں کے سامنے ان کو رسوا کر دیتے ہیں یا صدر صاحب کو رسوا کر دیتے ہیں۔ بلکہ کبھی کبھی یہ نتائج ہم تک پہنچ بھی جاتے ہیں ۔ یہ بڑے بڑے جرنیل ہم پر ہنستے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ بے وقوف دیکھو ' اگر تمھیں یہ معلوم کرنا ہے کہ کون جیتے گا ' کون ہارے گا تو آئیں ہم سے معلومات حاصل کر لیں ' ہم آپ کو بتا دیں گے۔ ہمارے ملک کے یہ حالات ہیں۔ میں سیاستدانوں سے اب بھی بالکل سنجیدگی سے درخواست کرتا ہوں کہ بھئی آپ یہ چھوڑیں اور دماغ سے یہ بات نکالیں کہ الیکشن کے ذریعے سے

یا کسی اور ذریعے سے ہم اس ملک کے حکمران بنیں گے۔ آپ جائیں صرف ان کے ہاتھ پر بیت کرلیں اور جس نوکری پر آپ کو لگا دیا اس پر گزارہ کریں، اسی تنخواہ پر گزارہ کرو۔ ان تمام سیاستدانوں کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے۔ نہ وہاں کی پولیس کے اختیار میں ہے ' نہ وہاں کے Presiding Officer کے پاس اختیارات ہیں بلکہ تمام معاملات برائے راست فوج کے اپنے ہاتھ میں تھے اور تمام معاملات کو وہ خود deal کر رہے تھے اور یہ سب کچھ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آئے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ اب مولانا عبدالستار صاحب بولیں گے۔

مولانا محمد عبدالستار خان نیازی۔ جناب والا! یہ مسئلہ ایسا ہے کہ دونوں طرف سے حق اور مخالفت میں بات ہو سکتی ہے ' یہ الیکشن کمیشن کا جلسہ نہیں ہے ۔ اب جو فوج نے دخل دیا' پولیس نے دخل دیا میں سمجھتا ہوں کہ فتویٰ الیکشن کمیشن دے گا ۔

جناب چیئرمین ۔ فتویٰ قوم نے دے دیا ہے ۔

مولانا محمد عبدالستار خان نیازی ۔ قوم نے فتویٰ دے دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کے لئے الیکشن کمیشن میں جاؤ ۔ کیس کو ثابت کرو ۔ یہاں چیئرمین صاحب الیکشن کمیشن نہیں ہے۔ اس کو ایسے چلاؤ گے تو there will be no end یہ بات چلتی رہے گی ۔ تین چار پانچ دن چلتی رہے گی۔ ختم نہیں ہو گی۔ بہتر صورت یہ ہے کہ آپ نے کہا ہے یہاں پر کہ فوج نے دخل دیا ہے۔ پولیس نے دخل دیا ہے۔ حکومت نے دخل دیا ہے۔ اس کو ثابت کرو۔ Establish کرو ۔ اس کے ثبوت دو۔ یہاں پر جناب چیئرمین صاحب کی یہ ذمہ داری نہیں ہے۔ آپ کی بات سن لی ۔ دونوں طرف کی سن لی ۔سارے ہاؤس کو اس میں مبتلا نہ کرو۔ ہر آدمی بات کرے تو یہ بات چلتی رہے گی۔

جناب چیئرمین ۔ Now any other party جو رہ گئی ہو۔ ہاں گچکی صاحب کی پارٹی رہ گئی ہے۔ جناب گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی ۔ جناب والا ! میں نے تو شروع سے ہی اس پوائنٹ کو اٹھایا کہ اخبارات میں اور یہاں بھی یہی باتیں ہو رہی تھیں ۔ میں جناب والا ! سمجھتا ہوں کہ یہاں پر اس ملک میں election rigging کوئی نئی بات نہیں ہے۔ 77ء میں بھی یہی complaint

تھی۔ 85ء میں ضیاء الحق کے دور میں بھی یہی کچھ ہوتا رہا۔ 90ء کا تو recognized ہے کہ 90ء میں کس طریقے سے الیکشن میں rigging ہوئی ہے اور 97ء میں تو ہمارے مولانا صاحب نے کہا کہ پتہ نہیں ہماری سمجھ میں نہیں آیا تو مولانا کو سمجھنا چاہئیے کیونکہ کچھ ہوتے ہیں سبز فرشتے کچھ ہوتے ہیں خاکی فرشتے۔

جناب چیئرمین ۔ نہیں مولانا صاحب سات سیٹیں تو جیت گئے ہیں بلوچستان میں --

جناب منظور احمد گچکی ۔ خاکی فرشتوں کا ان کو علم نہیں ہے ۔ جناب والا ! میں سمجھتا ہوں کہ کچھ پیپلز پارٹی کی economic policies کی وجہ سے ظاہر ہے کہ عوام میں ایک بے چینی اور بے یقینی کی سی کیفیت رہی ہے ۔ اس کی reason یہ بھی ہے لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ الیکشن میں rigging ہوئی ہے ۔ جناب والا ! اب یہ کہنا کہ جی الیکشن کمیشن میں جائیں۔ یقیناً ظاہر ہے کہ یہ فورم تو وہ نہیں ہے کہ یہ decide کر سکے کہ جی کون کون ہارا ہے کون کون جیتے ہیں یہاں پٹیشن سنیں ۔ بہت سے ایسے مسائل ہیں کہ جن کا حل اس فورم کے پاس نہیں ہے ۔ نہ ممبران کے پاس ہے نہ چیئرمین کے پاس ہے ۔ لیکن ریکارڈ کی درستگی کے لیے لوگ اپنا نقطہ نظر لاتے ہیں اور آپ کی مہربانی ہے کہ آپ ان کو اجازت دیتے ہیں کہ وہ بولتے ہیں ۔ اس بارے میں جناب والا میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو مینڈیٹ نواز شریف کو عوام نے یا کسی خاص فورم نے کسی خاص ادارے نے دیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس مینڈیٹ کا پاس رکھتے ہوئے وہ اپنے ان وعدوں کو پورا کریں جو انہوں نے عوام کے سامنے اور پریس میڈیا میں یہ باتیں کی ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کسی جمہوری سماج میں کوئی سپر کیبنٹ نہیں ہوا کرتی۔ کیبنٹ اس کو کہتے ہیں کہ جو elect ہو اور جو لوگوں کے ذریعے سے آیا ہو ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کو سب سے پہلے یہ فیصلہ' یہ اس کا امتحان ہے کہ وہ CDNS کے بارے میں کیا فیصلہ کریں گے۔ نمبر 2 آٹھویں ترمیم جس کا رونا دونوں طرف سے رویا جاتا ہے۔ اور جو بھی اقتدار میں آتے ہیں وہ آٹھویں ترمیم کو بھول جاتے ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ نواز شریف صاحب آٹھویں ترمیم کے بارے میں بھی ہاؤس کے اندر اپنا نقطہ نظر یا ہاؤس کے اندر جو amendments لانی ہیں وہ لائیں گے۔ تیسری بات جناب والا یہ ہے کہ جہاں تک provinces کی grievances کا مسئلہ ہے اس میں بھی کھلے دل سے ، چونکہ دو تہائی اکثریت اس کے پاس ہے' اس بارے میں بھی کھلے دل سے وہ amendments لائیں گے ۔ اور اسی طرح معاشی بدحالی جو اس ملک میں ہے اس کے بارے میں ایک

صحیح راستہ اپنائیں گے اور بے روز گاری کے مسئلے کو جو اس ملک میں سب سے زیادہ شدت اختیار کر گئی ہے اس کو counter کریں گے۔ اور بے روزگاری میں کمی کرنے کی کوشش کریں گے۔ جناب والا! اب یہ کہنا کہ یہ ہوا ' وہ ہوا۔ یہ سب باتیں ایسی ہیں کہ اب یہاں تو الیکشن کمیشن کا حال یہ ہے کہ آج آپ نے پٹیشن دائر کر دی۔ تو دو elections کے بعد اس نے فیصلہ دیا ہے۔ اس ملک میں یہی ہوتا رہا ہے اور یقیناً آئندہ بھی ایسا ہی ہو گا ۔ کوئی بھی الیکشن کمیشن یہ ثابت کرنے کی کوشش نہیں کرے گا کہ کس نے rigging کی ہے ۔ جس نے بھی rigging کی ہے ' وہ اس الزام کو اپنے اوپر نہیں لینا چاہتا۔ دوسری بات یہ ہے کہ یہ تو اس دن سے ہی پتہ چل گیا تھا جس دن سپریم کورٹ نے last days میں decision دے دیا تھا۔ اس سے سب کچھ پتہ چل گیا تھا کہ اس ملک میں کیسے الیکشن ہوں گے۔ کیسی جمہوریت آئے گی۔ جمہوریت کا کس طریقے سے قتل کیا جائے گا ۔ اس کا سب کو اندازہ تھا۔ لیکن جناب والا! آپ یقین کریں کہ ہمیں یہ اندازہ نہیں تھا کہ اس حد تک بھی یہ جا سکتے ہیں۔ یہ تو ماننے والی بات ہی نہیں ہے کہ ایک پارٹی ایک جگہ سے پچاس ساٹھ سیٹیں جیتتی ہے' خواہ یہ کتنی بھی نالائق پارٹی کیوں نہ ہو' کم از کم اس کا 10% تو اگلے الیکشن میں لے سکتی ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ جی جناب گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی۔ ایسے نہیں ہوتا ہے کہ ایک کی گردن کاٹ کر پھینک دی جائے ۔

جناب چیئرمین۔ عوام کچھ بھی کر سکتے ہیں۔

جناب منظور احمد گچکی۔ اس ملک میں عوام کہاں ہیں ۔

جناب چیئرمین۔ کوئی فارمولا نہیں چلتا ہے ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین۔ ایسی بات نہیں ہے۔ I don't think کہ کوئی فارمولا ہے۔ One should be prepared for anything.

جناب منظور احمد گچکی۔ جناب والا! جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ مسئلہ یہ ہے کہ جو کچھ ہوا ہے وہ تو ہوتا رہتا ہے ۔ میری گزارشات یہ ہیں کہ یہ تین چار problems ہیں '

جب نواز شریف صاحب برسراقتدار آئیں تو ان کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

Mr. Chairman: It is a good suggestion.

جناب منظور احمد گچکی۔ اور ان کو حل کرنے کی کوشش نہیں کی تو شاید next mandate اس کو نہ ملے۔

جناب چیئرمین۔ حافظ حسین احمد صاحب۔ یہ الیکشن لڑ کر آئے ہیں۔

حافظ حسین احمد۔ میں منظور گچکی صاحب کی تقریر میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا تھا' انہوں نے فرمایا ہے کہ الیکشن میں فرشتے کام کرتے رہے۔ فرشتے ایسے کام نہیں کرتے ہیں البتہ شیاطین اس قسم کے کام کرتے ہیں۔ خواہ یہ کسی بھی وردی میں ہوں' کسی بھی روپ میں ہوں۔ دنیا میں محیرالعقول واقعات ہوتے رہتے ہیں' انہونی باتیں ہوتی رہتی ہیں۔ ایسی بہت باتیں ہیں۔ البتہ کرامات کا ظہور قیامت تک چلتا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں توفیق بخشے۔ انشاء اللہ جو کچھ ہوا ہے' وہ کچھ عرصے کے بعد سامنے آئے گا۔

Mr. Chairman: Khalil-ur-Rehman Sahib. Let us have an independent point of view now.

Mr. Khalil-ur-Rehman: Thank you. Mr. Chairman the election results were like a dream.

Mr. Chairman: For some are bad dream and for some are good dream.

Mr. Khalil-ur-Rehman: Yes sir, a dream which I think any party would like to have or any leader would like to have and Mr. Nawaz Sharif seems to have got that. It also have become very evident that the PPP voter was so dismayd, disappointed, dis-orientated that he stayed back and its a fact which is on record. The crux of the matter is that the people have done their Ihtisab. Ihtisah that we were talking so much of it, it was done by the people. 35% people who voted and 65% who did not vote. This was done in anger. But Mr.

Chairman, the crux of the thing is let this be an omen to the people who are coming again because these people certainly have realized that they can do it and they have done it. There next step will be, if they do not like a government, they can come out on the streets and bring about a change again. They certainly seem to have realize that the situation that they have is in control. So it is my request that the Government whichever it comes, this one and the future Government, they have to behave in a way and look after the people interest unless we want to have the same results. Thank you very much.

جناب چیئرمین۔ جناب جہانگیر بدر صاحب ۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب چیئرمین شکریہ ۔ میں الیکشن کمیشن کے بارے میں جیسے دیگر ممبران نے کہا ہے ، کیس پیش نہیں کرنا چاہوں گا ۔لیکن راجہ صاحب نے جو نگرانوں کے متعلق بات کی ہے اورخصوصی طور پر انہوں نے صدر پاکستان کو مبارک باد دی ہے کہ الیکشن اچھے ہوئے ہیں اور اس میں ان کے بیٹے کو defeat ہوئی ہے ۔اس سلسلے میں ، میں عرض کرتا ہوں کہ جناب والا! وزیر اعلیٰ پنجاب کے بھائی کو بھی defeat ہوئی تو اسے اتفاقیہ defeat نہیں کہا جا سکتا ہے ۔ اس میں دو باتیں ہو سکتی ہیں ۔ ایک تو یہ کہ یا تو صدر پاکستان کے علاقے کے لوگوں نے ان پر بداعتمادی کا اظہار کیا ہے کہ عوام کا اعتماد ان پر نہیں رہا ہے۔ دوسری بات یہ ہو سکتی ہے کہ ایسا symbolically بھی ہو سکتا ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو defeat دلوائی ہو تاکہ وہ یہ ثابت کر سکیں کہ ان کا اپنا cousin منصور لغاری ، جس کو انہوں نے ہروایا ہے کہ وہ آئندہ لغاری خاندان کے سامنے نہ آ سکے۔اور اپنے بیٹے کو بھی انہوں نے ساتھ ہروا دیا ہو اور کیا یہ بھی اتفاق کی بات ہے کہ وہاں کے تمام ایسے لیڈر جو صدر پاکستان کے برابر یا ان سے بڑے لیڈر ہیں، وہ وہاں سے سب کے سب صاف کروا دیئے گئے ۔ نوابزادہ نصر اللہ خان ، بلخ شیر مزاری، مصطفیٰ کھر یہ سارے نام ایسے ہیں اور ساری قیادت کو اس طرح سےختم کرنے کی کوشش کی گئی ہے جس طرح سیاست سے محترمہ بے نظیر بھٹو کو نکالنے کی کوشش کی جا رہی ہے اور صدر پاکستان اس چیز کے ذمہ دار ہیں۔ یہاں پر مختلف observations جو آپ کے سامنے پیش کی گئی

ہیں ان کا مقصد یہ ہے کہ یہ بتایا جائے کہ اس کی کس پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ جناب چیئرمین! دو روز پہلے میرے پاس رفیق حیدر لغاری آئے ۔پنجاب میں ہم نے جو دو سیٹیں جیتی ہیں ان میں سے ایک پر وہ صوبائی اسمبلی میں رحیم یار خان سے کامیاب امیدوار ہیں۔انہوں نے انتخاب میں دو سیٹوں سے ایک قومی اور ایک صوبائی سے حصہ لیا۔وہ بتاتے ہیں کہ ان کے مخالف امیدوار کے نیچے جو دو صوبائی امیدوار تھے۔ایک نے کوئی 33000 کے قریب ووٹ لئے اور دوسرے نے کوئی 22000 کے قریب۔ اگر ان کو جمع کیا جائے تو یہ 55000 بنتے ہیں جو ان کے مخالف امیدوار قومی اسمبلی کو ملنے چاہئیں تھے لیکن اس کے 86000 ووٹ نکلے ۔یہ باقی کہاں سے آ گئے ۔ جناب والا ! یہ باتیں بطور observation اس لئے پیش کرنا چاہتے ہیں تاکہ سیاست میں ایسے تمام رجحانات کا خاتمہ کیا جاسکے اور یہاں پر بعض صاحبان نے جو یہ بات کی ہے کہ foreign observers تھے تو foreign observers نے کسی جگہ بھی یہ نہیں کہا کہ یہ جو counting ہوئی ہے اور ووٹوں کی جو تعداد بتائی گئی ہے یہ ٹھیک ہے ' یہ درست ہے اور نتائج اس طریقے سے درست ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ Law & order was good انہوں نے یہ کہا ہے کہ low polling ہوئی ہے لیکن انہوں نے counting کو کسی جگہ بھی justify کیا ہے تو وہ پیش کر دیا جائے اور فاروق لغاری جس کے بیٹے کا انہوں نے ذکر کیا ہے جن چار صوبائی اسمبلیز اور قومی اسمبلی نے ان کو منتخب کیا تھا اور جن لوگوں نے ان کو منتخب کیا تھا وہ تو تمام کے تمام اسمبلیوں میں آ ہی نہیں سکے ہیں۔چنانچہ فاروق لغاری کو اب چاہیئے کہ وہ استعفیٰ دے دیں۔ جب اس کا بیٹا گیا علاقے کے لوگوں کا اعتماد گیا ' وہ اسمبلیاں گئیں ان کا اعتماد گیا 'تو صدر پاکستان کو مبارکباد دینے کی بجائے یہ شرم دلانی چاہیئے کہ قوم آپ کے استعفیٰ کا انتظار کر رہی ہے ۔جناب والا ! یہاں راجہ صاحب نے پیپلز پارٹی کے بارے میں کہا ہے کہ ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہیئے۔ ہم ان کے مشکور ہیں کہ یہ اچھا مشورہ ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان پیپلز پارٹی ایک تاریخی پارٹی ہے ۔ بحرانوں میں پیدا ہوئی کئی بحران دیکھے اور survive کیا۔ حکومتیں بھی حاصل کیں' الیکشن بھی جیتے ۔پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ تاریخ میں کئی دفعہ یہ واقعات پیش آئے ہیں۔جب شہید ذوالفقار علی بھٹو کو رات کے اندھیرے میں قتل کیا گیا اور تمام پارٹی لیڈروں کو جیلوں میں ڈال دیا گیا۔اس وقت بھی پاکستان پیپلز پارٹی اور اس کی قیادت مایوس نہیں ہوئی ہم آج بھی مایوس نہیں ' ہم آنے والے وقت کے لئے ' ہم پاکستان کے

مستقبل کے لئے جدوجہد کریں گے اور انشاء اللہ عوام کا اعتماد حاصل کریں گے۔

جناب چیئرمین۔اگر اتنی اچھی تقریر آپ وہاں کرتے تو آپ کو ووٹ بھی مل جاتے۔

جناب جہانگیر بدر۔ جناب والا ! میں یہ تقریر اس لئے کر رہا ہوں کہ یہ پیغام ہے ان لوگوں کے لئے جو یہ سمجھتے ہیں کہ محترمہ بے نظیر بھٹو یا پاکستان پیپلز پارٹی میدان چھوڑ کر بھاگ جائے گی یا وہ ہمیں نکالنے میں کامیاب ہو جائیں گے ۔ کوئی مائی کا لعل پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو میدان سیاست سے نہیں ہٹا سکتا۔یہ ہمارا چیلنج ہے۔ مہربانی ، شکریہ۔

جناب چیئرمین۔ میرا خیال ہے کہ آج جو لوگ منتخب ہو گئے ہیں ۔ وہ کچھ کہنا چاہیں گے۔ فتح محمد خان صاحب، before we proceed شجاعت حسین صاحب کا پڑھ دیں۔ جو ان کی سٹیٹ منٹ آئی ہے۔تو

So, there are seven honourable members in the Senate. This thing is the matter of pride and pleasure for us that seven honourable members of the senate have been elected to either in the National Assembly or the Provincial Assembly and these are Senator Mir Abdul Jabbar, Senator Fateh Muhammad Khan, Senator Shujaat Hussain, Senator Azam Hoti, Senator Ehsan Shah, Senator Yaqub Nasir and Senator Rahim Mando Khel. For me personally, it is a great pleasure of working with all these honourable Senators. They have made a tremendous contribution to the Senate over the years and I think the very fact that seven of them have been elected, shows that Senate is now acting as a nursery for the politicians of Pakistan. I think it is a very happy development and the maturity, the wisdom that the Senate participation provides is now finding extension into the Privincial Assembly and the National Assembly of Pakistan. Previously also we have been providing Chief Ministers , you know , the Chief Minister of Frontier was Senator, the Chief Minister of Sindh was the Senator. We

sent him to Sindh. So I do hope that the Senators who are now going into the National and Provincial Assemblies will keep up the traditions which we have so developed in the Senate over the years. I would also like to take this opportunity to thank the honourable care-taker Ministers, I think in very difficult time, they have worked very hard under very difficult conditions and they have helped us in keeping on the work of the Senate and their contribution also, I would like to appreciate very much. I do understand that they were working under very very difficult conditions, under great pressures and we are very grateful to them. And I am particularly now grateful to Sahibzada yaqub Khan, he is here today Javed Jabbar, Mr. Shahid Hamid, Mando Khel Sahib, Amanullah Sahib and all the other honourable Ministers who have over these last three months helped us in continuing with the work of the Senate and have made such an effective contribution to the Senate. So I am grateful to all of you. This is perhaps, may be I do not know, this may be the last session before we have the elections to the new Senate and there is the statement from Shujaat Hussain which he has asked me to read before the House. This is a short statement. He says that I take this priviledge to submit my resignation from the seat of Senate on being elected as member of the National Assembly from my home constituency NA-81 Gujrat. I recollect that every minute spent in this august House had been full of satisfaction and it added in further strengthening the relationship with all the colleagues and political parties. The support of political parties during my detention in Jail on false and fabricated cases and particularly the ruling given by the Chairman Senate calling for my attendance during this session are historical decisions. At this juncture, I would like to thank the member for electing me as a Deputy Leader of the Opposition in the Senate during my absence in Jail. Please accept my

sincerest thanks and request that the honourable Chairman may kindly convey my gratitude to all the members of the House for their co-operation.

جناب چیئرمین۔جناب فتح محمد خان صاحب ۔

جناب فتح محمد خان ۔جناب چیئرمین ! میں انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع فراہم کیا کہ میں آپ کا اور اس ہاؤس کے معزز اراکین اور سینٹ کے عملے کا شکریہ ادا کرسکوں۔

جناب چیئرمین! میرے لئے سینٹ میں رہنا ایک اعزاز ہے۔ سینٹ پارلیمنٹ کا ایوان بالا ہے۔ ملکی وحدت کا نشان ہے۔ چھ سال میں نے رہ کر اپنے ساتھیوں سے بہت کچھ سیکھا ہے اور مجھے فخر ہے کہ اس ہاؤس نے اپنے وقار کو قائم رکھا ۔ گزشتہ کی طرح اس دفعہ یہ ایوان جمہوریت کو پھلنے پھولنے کے لئے ناقابل فراموش کردار ادا کرتا رہا ۔ میری دعا ہے کہ یہ ہاؤس بھی اس ملک کے وقار ، جمہوریت کی بقاء اور ملکی وحدت کے لئے اپنا موثر کردار ادا کرے ۔

جناب چیئرمین !میں آپ کا اور اپنے معزز ساتھیوں کا از حد مشکور ہوں کہ اس چھ سال کے اندر انہوں نے مجھے بہت عزت و احترام سے دیکھا اور اپنی دانست اور بیالیس سالہ پارلیمانی تجربے کی روشنی میں ملک کے وقار ،بقاء اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے جو کچھ عرض کیا اس میں تلخ کلمات بھی ہوئے ہوں گے ۔ جن کو بڑے غور اور تحمل سے سنا ۔ اور انہوں نے میری حوصلہ افزائی کی۔

جناب چیئرمین !میں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے راجہ ظفرالحق صاحب اور مرحوم ملک محمد قاسم صاحب اس وقت کے لیڈر آف دی ہاؤس کی کاوشوں اور خدمات کا ذکر کئے بغیر بھی نہیں رہ سکتا ۔ کیونکہ انہی حضرات کی کوششوں سے ہم اس ہاؤس کی کارروائی کو موثر طریقہ سے جمہوری طور پر برادرانہ طور پر کامیابی سے چلا سکے ۔

جناب چیئرمین ! آخر میں ، میں آپ کو بھرپور طریقے سے خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ آپ نے بسا اوقات بہت مشکل اور کٹھن مراحل میں بھی صبر و تحمل اور برداشت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ اور اپنے عملی تجربے اور اپنے نو سالہ بحیثیت چیئرمین رہنے کے تجربے سے بھرپور استفادہ کیا اور اپنا non - partisan role ادا کیا اور اپنے عملی تجربے اور نو سال بحیثیت چیئرمین سینٹ رہنے کے تجربے سے بھر پور استفادہ کیا اور اپنا غیر جانبدارانہ رول ادا کرتے ہوئے ایوان

کے دونوں اطراف کو ساتھ لے کر اس ہاؤس کے وقار اور آئین کی بالا دستی کو بر قرار رکھنے میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ میں آپ سے اور اس ہاؤس کے معزز اراکین سے دعاؤں کا طلب گار ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری بحیثیت ممبر صوبائی آسمبلی راہنمائی فرمائیں تاکہ صوبے اور ملک کے مستقبل کے لئے اپنی بساط کے مطابق بھر پور کردار ادا کر سکوں ۔ شکریہ جناب ۔

جناب چیئرمین ۔ شکریہ جی فتح محمد خان صاحب ' میر عبدالجبار صاحب آپ تو میرے ذاتی colleague بھی رہے ہیں

and we will miss you very much . You have been a great help to me over three years and I am very grateful to you for the graceful way in which you have handled the Senate proceedings and earned the respect of members on both sides of the House, we are very grateful to you .

میر عبدالجبار ۔ جناب چیئرمین ! میں آپ کا اور اس سینٹ کے تمام معزز اراکین کا ازحد مشکور ہوں کہ انہوں نے میرے سینٹ کے چھ سالہ پارلیمانی دور میں جو کچھ میرا عمل دخل تھا دیکھا ۔ یقیناً بحیثیت انسان مجھ سے کوتاہیاں بھی ہوئی ہوں گی مگر ان کوتاہیوں کا تعلق نیت سے قطعاً نہیں تھا نہ ہوا ۔ سہواً البتہ ہو سکتا ہے ۔ یہ ہو سکتا ہے کہ سہواً اگر کچھ ہوا ہو تو میں اس کی تمام معزز اراکین سے معافی چاہوں گا ۔ بحیثیت ڈپٹی چیئرمین یہ میرے لئے سرمایہ ہے جو میں یہاں سے لے کر جارہا ہوں اور یہ تجربہ میری آئندہ پارلیمانی زندگی میں مشعل راہ ہو گا ۔ یقیناً میں نے یہاں بہت کچھ سیکھا۔ میرے دوستوں نے میری اصلاح کی۔ آپ کی راہبری اور آپ کی بزرگانہ شفقت مجھ پر ہمیشہ رہی۔ آپ نے میری راہنمائی کی۔ آپ نے نہ صرف میری راہنمائی کی بلکہ مجھے ' گو عمر میں آپ سے بڑا ہوں گا لیکن چھوٹے بھائی کی حیثیت سے مجھے آپ نے اتنا پیار دیا کہ میں شاید آپ کا یہ احسان کبھی نہیں بھول سکتا۔ رونے والے روئیں گے ' ہم کیوں روئیں گے ہم تو خوش ہو کر جارہے ہیں 'جنہوں نے رونا ہے وہ روئیں ۔ تو جدائی تو ہے اس میں شک نہیں ہے جدائی یقیناً ہے مگر یہ اچھی جدائی ہے کہ میں اچھی یادیں لے کر جارہا ہوں اور الحمدللہ اس سینٹ کے طفیل ہی میں نے جو کچھ سیکھا وہ میں نے جا کر اپنے میدا ن عمل میں استعمال کیا اور یہی غالباً میرے لئے کامیابی کا سلسلہ بنا کہ میں اپنے حلقے سے کامیاب ہوا ' اگر یہاں میں نہ ہوتا تو

شاید یہ چیز جو میں نے یہاں سیکھی شاید وہاں میں نہ اپنا سکتا اور پارلیمان میں جس طرح یہاں میں نے کام کیا اسی کام نے مجھے وہاں موقع دیا کہ میرے حلقے کے لوگوں نے مجھے منتخب کیا۔

جناب والا! یہ ایوان بالا ہم پاکستانیوں کے لئے ، اس ملک کے لئے ایک پروقار اور اعلیٰ قانون ساز ادارہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں تعمیر پاکستان میں معاملات کو سلجھانے میں، نازک ادوار میں، اس سینٹ نے جو کام کیا ہے ، جو رویہ سینٹ کا رہا ہے ، جو راہبری سینٹ نے کی ہے میں سمجھتا ہوں ہم سب پاکستانیوں کے لئے باعث رحمت ہے کہ الحمد للہ ہمارا یہ ادارہ پروقار ادارہ ایسا ادراہ ہے، ایسا قانون ساز ادارہ ہے، جس نے ہمیشہ قوم کی صحیح رہنمائی کی ہے ۔ میری دعا ہے کہ اس ادارے میں اچھے اچھے لوگ آئیں اور آ رہے ہیں ۔ انشاء اللہ یہ ادارہ اس ملک کی صحیح رہنمائی کرے گا اور ترقی پذیر ملک کو ان ممالک کی صف میں لا کر کھڑا کرے گا جو ترقی یافتہ ممالک ہیں۔ وہ دن دور نہیں جب ہمارا ملک بھی ترقی یافتہ ملکوں میں شمار کیا جائے گا۔ میں آخر میں جناب آپ کا، آپ کے توسط سے جو سینیٹر حضرات اس وقت یہاں موجود نہیں ہیں، ان تک شکریہ اور اظہار تشکر پہنچاتا ہوں اور ساتھ ساتھ جو یہاں موجود ہیں، میں ایک بار پھر ان سب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے میری رہنمائی کی اور مجھے اپنا ساتھی سمجھا اور ہر وقت ہم نے مل جل کر آپس میں معاونت سے اس ادارے کے کار وبار کو چلایا۔ بہت بہت شکریہ۔

Mr.Chairman: Yes Mr. Javed Jabbar.

Mr. Javed Jabbar: Mr. Chairman I do not presume to speak on behalf of my colleagues. I am sure they would add to this but let me formally, on behalf of the Caretaker Government, thank you personally, Sir, for your leadership and guidance during the Sessions of the Senate held in the past three months. I personally have the privilege to know of the leadership you have provided ever since you assumed this august office for the past several years and I wish you personally good health and success in the years ahead. Sir, we have been benefitted greatly by your advice during this very difficult challenge that we had accepted.

Sir, I would also take the opportunity to thank all members of this august House. I have a special relationship with this House because I was privileged to serve here for six years and returning here though briefly for a few months or weeks I was once again reminded of what a great treasure this forum represents of sobriety and of cool reflective analysis of issues that do not always generate the same kind of detachment and thoughtfulness in other legislative fora.

Sir, I was particularly struk by the irony of our relationship, here the Caretaker Government, for only 90 days, disappearing into the mists of time and here is the Senate permanent and indissoluble, something so reassuringly democratic and fixed. So, it was a very interesting inter-action.

Sir, I would also like to compliment the members of the House who are leaving the membership of this forum because I, personally, am also aware of their contribution to the political sources and to the difficult situations that the country has faced.

Sir, I take this opportunity also to say that in fulfilling its mandate the Caretaker Government has tried its level best to act out of sincerity and impartiality. This has not always been easy to do. We have faced difficulties because we have inherited certain situations and if that difficulty translates itself into a perception of our having been invovled in any way in election malpractices I take this opportunity to categorically reject this charge. The Caretaker Government has sought at every stage to remain as absolutely detached and impartial as it is physically and morally possible to be. In any election, sir, even in the Canadian election the referendum which decided the other day to perserve the unity of the Canadian Federation, there have been

charges of rigging in certain constituencies where the Election Commission is still investigating those charges. It is simply not possible for any large scale operation, involving millions of people, to be conducted with absolutely perfect and satisfactory conditions which are accepted unquestioningly by every one. We are concerned as some of the issues raised but we have full confidence in the integrity and competence of the Chief Election Commissioner and his very able staff. So, be rest assured sir, I would like to use this opportunity to reject all charges of complicity and to wish the people of Pakistan and the next elected government all success in its very challenging endeavours ahead.

Thank you.

Mr. Chairman: Thank you. Well, Mr. Javed Jabbar, before we prorogue could you kindly place the Ordinances on the Table. So, please read out item No.3, Javed Jabbar Sahib.

Mr. Javed Jabbar: Thank you, Mr.Chairman. I beg to lay before the Senate the following Ordinances as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan:

1. The Banks (Nationalization) (Fourth Amendment) Ordinance, 1996 (CXX of 1996).
2. The Representation of the Peoples (Sixth Amendment) Ordinance 1996 (CXXII of 1996).
3. The Ehtesab (Amendment) Ordinance, 1996 (CXXIII of 1996).
4. The Control of Narcotic Substances (Amendment) Ordinance, 1996 (CXXV of 1996).
5. The Family Courts (Amendment) Ordinance, 1997 (I of 1997).

6. The Pakistan Standards and Quality Control Authority (Amendment) Ordinance, 1997 (II of1997).

7. The Decorations (Amendment) Ordinance, 1997 (III of 1997).

8. The Cotton (Standardization) Ordinance, 1997 (V of 1997).

9. The Ehtsab (Amendment) Ordinance, 1997 (VII of 1997).

10. The Banks (Nationalization) (Amendment) Ordinance, 1997 (VIII of 1997).

11. The Banking Companies (Amendment) Ordinance, 1997, (IX of 1997).

Mr. Chairman: Thank you. The Ordinances stands laid.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین۔ ایک leave application ہے وہ پڑھ دیتا ہوں۔ جناب احسان الحق پراچہ صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے، اس لئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت کی درخواست منظور فرماتے ہیں؛

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین۔ جی جناب صفدر عباسی صاحب۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب چیئرمین! سیاسی باتیں تو بہت ہو چکی ہیں لیکن میں ایک بہت اہم مسئلہ کی طرف آپ کے ذریعے نگران حکومت کی توجہ دلانا چاہ رہا ہوں ۔ غالباً ۳، ۴ دن رہ گئے ہیں۔ جاتے جاتے میری ان سے گزارش ہے کہ کوئی بھلائی کا کام بھی کر لے۔

جناب چیئرمین ۔ بیچ میں تو ۲ چھٹیاں ہیں۔ کیا رہ گئے ہیں۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب چیئرمین! اگر یہ نہیں ہوں گے۔تو آنے والوں کے لئے میری عرض ہے کہ اس وقت آٹے کی جو قلت ہے اور آٹے کی جو قیمتیں ہیں وہ اس وقت

بڑی سنگین صورت اختیار کر گئی ہے۔ یہ" نوائے وقت" کی ۱۲ فروری کی اشاعت ہے کہ راولپنڈی' اسلام آباد میں آٹے کی قلت سنگین صورت اختیار کر گئی ہے۔ فلور ملوں کو معمول سے دو تہائی کم گندم کی فراہمی۔ گوداموں میں ذخائر تیزی سے ختم ہونے لگی ہیں۔ ایک بوری ۴۸۱ روپے کی بجائے بلیک میں ۶۰۰ روپے کی فروخت ہو رہی ہے۔ میں کہہ رہا ہوں کہ یہ صرف راولپنڈی اسلام آباد میں نہیں ہے بلکہ پورے پاکستان کے اندر اس وقت آٹے کا جو بحران ہے وہ شدید ہو گیا ہے۔ نگران حکومت اس کو کنٹرول نہیں کر سکی یا انہوں نے خود create کیا ہے۔ میری ان سے عرض ہے کہ اگر ۲' ۲ دنوں میں کچھ کر سکتے ہیں تو کر لیں ورنہ راجہ ظفر الحق سے میری عرض ہے کہ ان کی جو حکومت آئے گی تو kindly آٹے کی جو شدید قلت ہے یہ ان کے لئے پہلا issue ہو۔

جناب چیئرمین ۔ نئی حکومت آ جائے تو پھر انشاء اللہ ان سارے معاملات کو کر لیں گے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب چیئرمین! ہو سکتا ہے کہ ہم اس درمیان میں نہ مل پائیں۔ میں پہلے سے ان سے عرض کر رہا ہوں کہ آپ اس کو دیکھ لیں کہ اس وقت آٹے کا شدید بحران ہے۔ قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں۔ میں اس بحث میں نہیں جا رہا ہوں کہ کس نے کیا ہے اور کس نے نہیں کیا ہے۔ یہ چونکہ اجتماعی مسئلہ ہے۔ اس ملک کے عوام کا مسئلہ ہے۔ یہ حکومت یا آئندہ آنے والی حکومت اس پر ضرور کوئی کارروائی کریں۔ ایک اور عرض ہے میری کہ اس وقت سندھ میں چاول کی جو Paddy ہے اس کی قیمت کا بہت شدید بحران اس وقت چل رہا ہے۔ پچھلے سال سندھ کے growers کو Paddy کی Procurement میں کوئی ۲۲۵ روپے سے ۲۳۰ روپے من کی price ملی تھی۔ اس وقت اس کے باوجود کہ فرٹیلائزر کی قیمت کتنی بڑھ گئی ہے۔ آبیانہ ریٹ کتنا بڑھ گیا ہے۔ ایگریکلچر ویلتھ ٹیکس کی بات ہو رہی ہے۔ ایگریکلچر انکم ٹیکس کی بات ہو رہی ہے۔ اس وقت سندھ کے اندر ۴ اضلاع ہیں جو Irri Rice produce کرتے ہیں لاڑکانہ ڈویژن میں جیکب آباد' شکار پور اور لاڑکانہ۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ پچھلی دفعہ ۲۲۵ روپے کے مقابلے میں اس وقت ۱۵۰ روپے فی من ان کو قیمت مل رہی ہے۔ میری اس حکومت سے یا آنے والی حکومت سے یہ عرض ہو گی کہ اس کی قیمت پر نظر ثانی کرے۔

جناب چیئرمین ۔ یعنی آپ چاہتے ہیں کہ آٹا سستا ہو جائے اور چاول مہنگا ہو جائے۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ جناب چیئرمین! بات یہ نہیں ہے' بات یہ ہے کہ یہ جو

آٹے کا مسئلہ ہے یہ مختلف نوعیت کا ہے اور چاول کا مسئلہ مختلف نوعیت کا ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ قیمتیں بڑھتی ہیں تو واپس نہیں آتی۔ یہ پہلی ایسی چیز ہے کہ جس کی قیمت بڑھ کر پھر واپس آئی ہے۔ تو اب ہوگا یہ کہ Growers کو جب آپ کوئی Incentive نہیں دیں گے تو کل اس کی کاشت کم ہو گی۔ تو یہ Irri Rice پاکستان کی Export Potential میں اس وقت میں سمجھتا ہوں کہ کاٹن کے بعد سب سے بڑا Potential جو ہمارے ایکسپورٹ کا ہے وہ رائس ہے۔ and Irri Rice ' ایک بہت بڑی Commodity ' جوکہ ایکسپورٹ ہوتی ہے۔ تو میری اس حکومت سے اور آنے والی حکومت سے یہ درخواست ہے کہ kindly یہ دیکھیں کہ قیمتیں جو بہت گر گئی ہیں یعنی ۲۲۵ روپے کے مقابلے میں ان کو ۱۵۰ روپے فی من قیمت مل رہی ہے۔ میری گزارش ہے کہ kindly اس issue کو ضرور دیکھیں۔

جناب چیئرمین : جناب سرتاج عزیز صاحب۔

جناب سرتاج عزیز۔ میں صرف یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ جہاں تک آٹے کی قلت کا تعلق ہے اس کا ہم نے نوٹس لیا اور انشاء اللہ یہ ہماری پہلی ترجیحات میں سے ہو گا اور ہمارا جو ابتدائی مشاہدہ ہے وہ یہ ہے کہ اس میں جو تقسیم کا نظام ہے ' جہاں quota's لگے ہوئے ہیں اور movements پر restrictions ہیں اس کی وجہ سے یہ بہت سی خرابیاں پیدا ہوئی ہیں' کچھ اسمگلنگ بھی ہے' تو اس پر انشاء اللہ ہم فوری توجہ دیں گے اور نہ صرف آٹے کی فراہمی بلکہ اس کی قیمت بھی ان اقدامات سے کم ہو گی۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ۔ جی تاج حیدر صاحب۔

جناب تاج حیدر ۔ میں آپ کی توسط سے ایوان کی توجہ شانتی نگر کے واقعات کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ جس میں ایک طرف تو یہ ہوا ہے کہ قرآن پاک کی بیحرمتی کی وجہ سے ہمارے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے اور دوسری طرف یہ ہوا ہے کہ بلاتفتیش وتحقیق عیسائی اقلیت کے گھروں پر اور ان کی عبادت گاہوں پر حملہ ہوا ہے ۔ آپ نے اخباروں میں پڑھا ہو گا کہ اس سلسلے میں عیسائی اقلیت عدم تحفظ کا شکار ہو کر یہاں مظاہرے بھی کر رہی ہے ۔ میں آپ کی توسط سے محترم سرتاج عزیز صاحب سے گزارش کروں گا کہ ہمیں ان دونوں کو سنبھالنا ہے ۔ جو عیسائی اقلیت کے راہنما ہیں ان سے مل کر ان کو تحفظ کی یقین دہانی کرانی ہے اور دوسری جانب

قرآن پاک کی جو بے حرمتی ہوئی ہے اس واقعہ کی تحقیق وتفتیش کر کے جو لوگ اس کے ذمے دار ہیں ان کو سزا دینی ہے۔اس سلسلے میں میں علماء کے کردار کی بھی تعریف کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں یہ رول ادا نہیں کیا کہ اس معاملے کو ایک جذباتی رخ دیتے ، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس معاملے کو ہمیں ignore نہیں کرنا چاہیئے، میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کی دشمن طاقتوں نے پاکستان کو بدنام کرنے کے لئے یہ کیا ہے۔ میں محترم سینیٹر سرتاج عزیز سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ اس سلسلے میں فوری کارروائی کریں۔

جناب چیئرمین۔ جی مسعود کوثر صاحب۔

سید مسعود کوثر۔ یہ ایسا معاملہ ہے کہ میں اس موقع سے فائدہ اٹھا کر بات کرنا چاہتا تھا۔ جناب چیئرمین! میرا تعلق ضلع کوہاٹ سے ہے ۔ اس دفعہ جب میں عید پر وہاں تھا تو وہاں کے بہت سے معززین نے اور شہر کے لوگوں نے ایک مسئلہ کی طرف میری توجہ دلائی ہے۔ جناب والا! وہ مسئلہ یہ ہے کہ کوہاٹ کی جو کنٹونمنٹ ہے وہ انگریزوں کے زمانے سے وہاں پر قائم ہے جب یہ کنٹونمنٹ بن رہی تھی تو کوہاٹ کے شہریوں کو اور اردگرد کے لوگوں کو چونکہ یہ سینٹر میں واقع ہے جن کی زمینیں لی گئی تھیں ان کو یہ تسلی دی گئی تھی کہ جہاں تک آمد و رفت کا تعلق ایک علاقے سے دوسرے علاقے کی طرف ان کے لئے کوئی رکاوٹ نہیں پیدا کی جائے گی۔ جب انگریزوں کا دور تھا تو وہاں پر جب دیہاتی ایک دیہات سے دوسرے دیہات جاتے تھے تو ان علاقوں سے گزر کر جاتے تھے، بدقسمتی سے چند سالوں سے Civilians دور میں رفتہ رفتہ وہ تمام راستے بند کئے جا رہے ہیں ، جن راستوں کو وہ ایک سو سال سے استعمال کر رہے تھے ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی ایسی کنٹونمنٹ پاکستان میں موجود نہیں ہے جہاں پر Civilians کو وہاں سے گزرنے کی ممانعت ہو۔ تو میں سمجھ رہا ہوں کہ یہاں تمام معاملات سرتاج عزیز صاحب کے حوالے کئے جا رہے ہیں تو جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ اس مسئلہ کو سنجیدگی سے لیا جائے اور ہمارا ضلع جو کہ پہلے ہی بہت پسماندہ ضلع ہے اور ان لوگوں کی جو مشکلات ہیں ان کو دور کیا جائے اور عام شہریوں کو ان علاقوں سے گزرنے کی ممانعت نہ کی جائے جو علاقے وہ گزشتہ سو سال سے استعمال کرتے آئے ہیں۔بڑی مہربانی جناب۔

جناب چیئرمین۔ نئی حکومت آنے دیں تو پھر کرتے ہیں۔ جی امداد اعوان صاحب۔

جناب امداد علی اعوان۔ جناب چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں کہ کم از کم آپ نے مجھے تھوڑا موقع دیا۔

جناب چیئرمین۔ نہیں، نہیں، موقع آپ کو ہمیشہ دیتے ہیں، آپ کو تو خوشی سے موقع دیا جاتا ہے۔

جناب امداد علی اعوان۔ مہربانی جناب۔

Mr. Chairman: I hope you will come back again.

جناب امداد علی اعوان۔ انشاء اللہ۔ جناب گزارش یہ ہے کہ میں دو مہینے سے اس ہاؤس میں دو تین باتوں کے لئے چلاتا رہا ہوں اور ہر مرتبہ آپ نے یقین دہانی کرائی تھی، Caretakers نے بھی یقین دہانی کرائی تھی ۔ الطاف بھائیو مرحوم کو قتل ہوئے دو مہینے گزر چکے ہیں اور آج تک ایک آدمی بھی گرفتار نہیں ہوا ہے۔ خورشید شاہ پر قاتلانہ حملہ ہوا تھا، ہم نے ریوالور، کلاشنکوف اور لوگوں کو پکڑ کر DSP کے حوالے کیا، آپ کے سامنے میں نے Interior Minister کو پولیس اسٹیشن اور نام تک لکھوائے تھےلیکن آج تک ایک بندہ بھی گرفتار نہیں ہوا۔ اور آپ دیکھیں دو دن پہلے الیکشن جیتنے کے بعد محترمہ بے نظیر بھٹو کے نوڈیرو کے گھر پر چھاپہ مار کر دو آدمیوں کو گرفتار کیا گیا ہے ان کے نوکروں کو کہ وہ شکار کھیل رہے تھے۔ اگر یہی طریقہ کار رہا کہ دو مہینے قبل ایک سابقہ ایم این اے جو تین مرتبہ ایم این اے رہ چکا ہے الطاف بھائیو اس کو دن دہاڑے قتل کیا گیا ہے بارہ ایک بجے کے قریب دن میں اور آج تک کوئی آدمی گرفتار نہیں ہوا ۔ خورشید شاہ کے اوپر جو حملہ ہوا تھا ہم نے لوگوں کو گرفتار کرکے ڈی ایس پی کے حوالے کیا ان کو بھی چھوڑ دیا گیا ۔ اگر یہی طریقہ کار رہا تو میری گزارش ہے آنے والی حکومت سے بھی اور آپ سے بھی کہ کم از کم آپ ان سے یہ ضرور پوچھیں کہ یہ کیا بات ہے کیونکہ آج کوئی وزیر نہیں بیٹھا وزیر داخلہ صاحب آئے تھے لیکن چلے گئے مجھے نظر نہیں آ رہا ہے کہ امان اللہ صاحب اس بات کا جواب دے سکیں گے ۔لیکن میری گزارش ہے کہ اگر اس طریقہ سے یہ کارروائیاں ہوتی رہیں تو پھر کس طریقہ سے یہ راجہ صاحب والے بات کرتے ہیں جمہوریت کی کہ جمہوریت پھلے گی پھولے گی دو ایم این ایز پر حملہ ہوا اور راجہ صاحب کہتے ہیں کہ آئندہ جمہوریت چلے گی، پھلے گی، پھولے گی ۔ اگر اس طریقہ سے قتل عام سے چلے گی تو پھر پتہ نہیں خدا جانتا

ہے کہ اس ملک کا کیا حشر ہو گا۔

Mr.Chairman: Let the new Government come

تو ان کو بھی یاد کروائیں گے کہ This is serious matter, it should be looked into جی

جناب شہزاد گل صاحب

جناب شہزاد گل۔ جناب والا۔ میں ایک دوسری بات کے متعلق آپ کی اور ہاؤس کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ نگران حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے فورا" بعد جو ترقیاتی کاموں کے لئے فنڈز مختص کئے گئے تھے وہ انہوں نے منجمد کر دیئے ۔ اب 1995-96 کی جو بھی سکیمیں تھیں سینیٹرز نے یا پارلیمنٹیرین نے دی تھیں ان پر جو کام جاری تھا تو وہ کام جاری جو تھے ادھورے رہ گئے کام ان پر بند ہوگیا اور جو ٹھیکیداروں نے جو کام کئے تھے ان کو payment نہیں کی جارہی ہے اور وہ اب سینیٹرز یا ایم این اے کے پیچھے پھرتے ہیں کہ ہم نے تو آپ کی سکیموں پر کام کیا ہے اور ہمیں پیسے نہیں مل رہے ہیں اور کام بھی ادھورا رہ گیا ہے اور جو کام ہوا ہے اس کی payment نہیں کی جار ہی ہے تو نگران حکومت کا شاید آخری اجلاس ابھی ہونے والا ہے تو میری یہ گزارش ہے کہ جانے سے پہلے کم از کم جو کام ہوچکے ہیں ان کی payment جاری کرنے کے لئے فیصلہ کردیں تا کہ جو کام انہوں نے کئے ہیں ان کی payment ان کو مل جائے اور باقی جو سکیمیں ادھوری ہیں ان کو بھی تکمیل تک پہنچانے کے لئے احکام جاری کئے جائیں۔ 1996-97 کی تو کسی کو بھی نہیں ملی ہیں لیکن جو 1995-96 کی ہیں میں نے چودہ جنوری کو لوکل گورنمنٹ کے اجلاس میں بھی اس پر بات کی تھی اور سفارشات حکومت کو بھیجی تھیں لیکن ابھی تک ان سفارشات پر کوئی عمل نہیں ہوا ۔ یہ بہت ناانصافی ہے نہ صرف پارلیمنٹیرین کے ساتھ بلکہ ان علاقوں کے ساتھ جہاں یہ سکیمیں دی گئی تھیں ۔ چیک ٹھیکیداروں کے پاس ہیں لیکن وہ در بدر پھر رہے ہیں ان کو پیسے نہیں دیئے جا رہے ہیں تو مہربانی کرکے اس بات کا یہ نوٹس لیں۔ جانے سے پہلے پہلے کم از کم یہ نیکی کا کام سرانجام دیں ۔

جناب چیئرمین۔ اچھا جی ?any body else آپ جواب دیں گے جی فرمائیے۔

جناب امان اللہ گچکی۔ جناب چیئرمین! آپ کے توسط سے میں عرض کر نا چاہتا ہوں کہ جو سکیمیں پائپ لائن میں تھیں ان میں سے اکثر کو نہیں روکا گیا تھا اگر ان میں کوئی ایسی

justification تھی کہ وہ واقعی قابل عمل ہیں ۔ لیکن جس طرح سے گزشتہ دور میں اس قسم کی شکایتیں لوگوں کو ان سکیموں سے تھیں وہ بھی آپ لوگوں سے چھپی ہوئی نہیں ہیں اس لئے جو نئی حکومت آ رہی ہے میرے خیال میں وہ اس معاملے کو بڑے ٹھنڈے طریقے سے دیکھ لیں گے اور جو سکیمیں واقعی پائپ لائن پر ہیں ان کو انشاللہ وہ نہیں روکیں گے ۔

جناب چیئرمین۔ شکریہ جی ، جی جناب امداد اعوان صاحب ، دیکھیں ناں اب یہ تو نہیں کرسکتے چوبیس گھنٹے میں آئندہ حکومت ہی کرے گی وہ جب آئیں گے ان کو پکڑ لیں گے ۔ جی اعوان صاحب

جناب امداد علی اعوان۔ میں اتنا عرض کروں کہ ہمارے محترم وزیرصاحب نے کہا کہ جو پائپ لائن میں تھیں وہ ہم نے شروع کی تھیں یہ بالکل قطعی غلط ہے میں اپنی مثال دیتا ہوں میں نے دو اسکیمیں دی تھیں ایک ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن سکھر ، ایک ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سکھر کی 99.9% کام ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن میں پورا ہوچکا تھا ابھی صرف تین دن کا کام ہے اس میں فرش پڑنا تھا لیکن وہ بھی نہیں ہوا ہے تین مہینے سے بند ہے ، ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کا کام 85% مکمل ہوچکا ہے اس کو بھی انہوں نے بند کیا ہے اور تین مہینے میں ایک دن بھی کام نہیں چلا ہے تو یہ صحیح نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین۔ بہرحال یہ تو آئندہ حکومت آئے گی تو I think this issue will come up , anything else کوئی نہیں۔

In exercise of powers conferred by clause 3 of Article 54 read with Article 61 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 13th February, 1997. Signed by Mr. Wasim Sajjad.

[The House was then prorogued sine die]